رہبر معظم کا آیت اللہ سید محمد حسن مرعشی کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 20 /Aug/ 2008

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے جلیل القدر عالم دین آیت اللہ سید محمد حسن مرعشی کی رحلت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

پرہیز گار اور جلیل القدرعالم دین مرحوم آیت اللہ سید محمد حسن مرعشی کی رحلت پر شوشتر کے تمام مؤمن شہریوں ، ان کے ارادتمندوں ، حوزہ علمیہ تہران میں ان کےشاگردوں بالخصوص ان کی اولاد اور خاندان والوں اور دیگر پسماندگان کو تعزیت پیش کرتا ہوں۔ مرحو م کئي سال تک تعلیم ،تدریس اور اسلامی حقوق و فقہ کے میدان میں مشغول رہے ، انھوں نے تہران کے علمی حلقوں اور عدلیہ میں گرانقدر خدمات انجام دی ہیں۔

خداوند وند متعال علم و دین کے اس خدمتگذار پر اپنی رحمت و مغفرت نازل فرمائے ۔

سید علی خامنہ ای

30 / مرداد/ 1387